# کرائم ڈائری مورخہ 31-03-2024

| نمبر شمار | | مقدمہ نمبر | بجرم | ایف آئی درج آن سیف سٹی کالزمعہ تاریخ کالز | تاریخ وقت وقوعہ | جائے وقوعہ | نام مدعی معہ رابطہ نمبر | E-Tag | تاریخ FIR | ٹائم لائن | ایڈوائزری | چیک لسٹ IO | چیک لسٹ مدعی | قسم مال | نام/تعداد ملوث ملزمان | خلاصہ | نام تفتیشی آفیسر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آبپارہ | 381 | 279 | - | 31-03-2024 07:40 PM | میونسپل روڈ بالمقابل جمعہ بازار G/6 | انتظار خان ASI/ITP 03263167286 | AAB-3/31/2024-1337 | 31-03-24 | - | - | - | - | | سید زین عباس | استغاثہ زیر دفعہ 279ت پ امشب من ASI معہ انور علی 7607HC بسلسلہ ٹریفک ڈیوٹی بغرض انسداد ون وے کی وائیلیشن وہیکلز بوقت 7:40بجیرات بالمقابل جمعہ بازار موجود تھا کہ ایک کار نمبر LEB-3590 ون وے پر آئی جسکو بامداد ہمراہی حکمت عملی سے روک کر دریافت پر ڈرائیور مذکورہ نے اپنا نام و پتہ سید زین عباس ولد سید محمد عباس سکنہ مکان نمبر 382D سٹریٹ نمبر 109 سیکٹر G6/1-4 اسلام آباد بتلایا ہے مذکورہ نے ون وے کی خلاف ورزی کرکے اپنی اور عوام الناس کی جان کو خطرہ میں ڈال کر سر دست ارتکاب جرم 279ت پ کا کیا ہے جسکے خلاف استغاثہ ہذا بجرم مذکور مرتب کرکے بغرض قائمی مقدمہ بدست انور علی 7607HC ارسال تھانہ ہے مقدمہ درج رجسٹر کرکے کسی دیگر آفیسر کو مامور تفتیش کیا جائے میں موقع پر موجود ہوں از موقع میونسپل روڈ بالمقابل G/6 جمعہ بازار اسلام آباد بوقت 8:15بجیرات دستخط بحروف اردو انتظار خان ASI/ITP/1125 اسلام آباد | عبدالقیوم ASI |
| 2 | آبپارہ | 382 | 10/9 بھکاری ایکٹ | - | 31-03-2024 09:10 PM | پولی کلینک مین ایمر جنسی گیٹ لقمان حکیم روڈ | عبدالقیوم ASI 03137855877 | AAB-3/31/2024-1340 | 31-03-24 | - | - | - | - | | عمر خطاب، فضل وہاب | استغاثہ زیر دفعہ 10/9 بھکاری ایکٹ امشب من ASI معہ ہمرائیاں محمد اشرف 837HC، محمد فاروق 7190C بسلسلہ گشت وپڑتال بدرویہ گان بھکاریاں علاقہ تھانہ بسواری پرائیوٹ گاڑی گلی نمبر 11،2/G6 کے سامنے موجود تھا کہ مخبر خاص نے اطلاع دی کہ کچھ اشخاص پولی کلینک ہسپتال میں ایمر جنسی کے سامنے عوام الناس سے ہاتھ پھیلا پھیلا کر بھیک مانگ رہے ہیں اگر بروقت ریڈ کیا جائے تو کامیابی ہو سکتی ہے مخبر کی اطلاع پر معہ ہمرائیاں بوقت قریب 9:10بجے رات پولی کلینک کے سامنے مین ایمر جنسی گیٹ پر پہنچا تو مخبر کی نشاندہی پر 2کس اشخاص کو قابو کیا جنہوں نے دریافت پر اپنے نام و پتے 1۔ عمر خطاب ولد ستارہ سکنہ چناری گل جبڑا تحصیل اوڑی ضلع جہلم ویلی 2۔ فضل وہاب ولد عزیز الرحمن سکنہ اتمنزئی تحصیل وضلع چارسدہ بتلائے جنکی تلاشی لینے پر عمر خطاب کے بائیں ہاتھ میں پکڑے بھیک مانگی رقم 10/10 روپے والے 12 نوٹ اور فضل وہاب کے دائیں ہاتھ میں بھیک مانگی ریزہ کاری رقم 10/10 روپے والے 8 نوٹ کل 200 روپے برآمد ہوئے برآمدہ ریزہ کاری رقم برموقع بروئے فرد بطور وجہ ثبوت قبضہ پولیس میں لیکر تکمیل فرد ہوئی ہر دو کس مذکوران نے عوام الناس سے ہاتھ پھیلا کر بھیک مانگ کر سر دست ارتکاب جرم 10/9 بھکاری ایکٹ کا کیا ہے | محمد وارث ASI |
| 3 | کوہسار | 267 | 489F | - | 20.03.24 بوقت دن | بلیو ایریا | وجیہہ غیاث جان 03008542748 | KOH-3/30/2024-844 | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | | حفیظ الرحمٰن | بخدمت جناب SHO صاحب تھانہ کوہسار اسلام آباد عنوان: درخواست برائے اندراج مقدمہ بر خلاف علی بن حفیظ ولد حفیظ الرحمان، حفیظ الرحمان ولد عزیز الرحمان ساکنان مکان نمبر 334 گلی نمبر 32 سیکٹر F-11/2 اسلام آباد جناب عالیٰ! سائل حسب ذیل عرض پرداز ہے یہ کہ سائلہ اور الزام علیہ (حفیظ الرحمان) کے مابین ایک معاہدہ مورخہ 20.10.2021 کو طے پایا تھا (معاہدہ کی نقل درخواست ہذا لف ہے) یہ کہ سائلہ نے علی بن حفیظ الرحمان ولد حفیظ الرحمان اور حفیظ الرحمان ولد عزیز الرحمان (الزام علیہان) کی فرم EZETEK میں رقم مبلغ 15500000 (ایک کروڑ پچپن لاکھ روپے) انویسٹ کئے جن کی رسیدات درخواست ہذا لف ہیں یہ کہ مذکورہ معاہدہ کی روسے دونوں فریقین میں طے پایا تھا کہ سائل 11.5٪ اور 10.50٪ منافع / شیئر کی حقدار ہو گی اس بابت الزام علیہ عزیز الرحمان نے ایک چیک نمبری D85970398 مالیتی 9900000 روپے اور دوسرا چیک نمبری D96380216 مالیتی مبلغ 5600000 روپے بطور گارنٹی / سیکورٹی سائلہ کے حوالے کئے مزید یہ کہ دونوں فریقین کے درمیان طے پایا کہ آرڈر الزام علیہ حفیظ الرحمان خریدے گا اور سائلہ درج بالا پرافٹ / شیئر پروجیکٹ مکمل ہونے پر لے گی اور پروجیکٹ کی مدت 4 سے 5 ماہ ہو گی یہ کہ اب پروجیکٹ مکمل ہو چکا ہے اور الزام علیہان اپنی رقم وصول کر چکے ہیں اب سائلہ سے اپنی اصلی رقم بمعہ پرافٹ کا مطالبہ کیا تو الزام علیہان نے ٹال مٹول سے کام لینا شروع کر دیا بالآخر سائلہ نے درج بالا چیک نمبری مالیتی 9900000 روپے مورخہ 27.11.2023 اور دوسرا چیک نمبری مالیتی 5600000 روپے مورخہ 17.12.2023 میزان بینک F-10 مرکز میں پیش کیا مذکورہ دونوں چیکس رقم نہ ہونے کی وجہ سے ڈس آنر ہو گئے ہیں سائلہ نے بعد ازاں متعدد بار اپنی رقم کا مطالبہ کیا مگر الزام علیہان نہ صرف رقم دینے سے انکاری ہیں بلکہ جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں یہ کہ الزام علیہان نے جان بوجھ کر فراڈ دھوکہ دہی اور بدنیتی سے ایسے چیک دیے ہیں جو کیش نہ ہوئے جب سائلہ نے قانونی کاروائی کے لیے تھانہ کوہسار میں درخواست دی تو الزام علیہان نے سائلہ سے رابطہ کیا اور منت سماجت کی کہ ان کو تھوڑا سا اور وقت دیا جائے سائلہ نے رحم کرتے ہوئے انہیں مورخہ 15.03.2024 کا وقت دیا اور مورخہ 30.01.2024 کو الزام علیہان کے ساتھ ایک نیا معاہدہ کیا جس کے مطابق الزام علیہان مورخہ 15.03.2024 تک رقم واپس کر دیں گے اور انہوں نے رقم مبلغ 15500000 روپے کا چیک نمبری D96380266 میزان بینک دیا جو مورخہ 18.03.2024 کو سائلہ نے اپنے اکاؤنٹ میں جمع کروایا چیک رقم نہ ہونے کی وجہ سے ڈس آنر ہو گیا | فخر اقبال ASI |
| 4 | مارگلہ | 212 | 381A | | 14-03-2024 | ناظم الدین روڈ نزد سنٹورس مال | محمد ممریز ولد محمد مقبول 03487538394 | | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | موٹر سائیکل | 1 نامعلوم | بخدمت جناب ایس ایچ او صاحب تھانہ مارگلہ اسلام آباد جناب عالی! گزارش ہے کہ میں محمد ممریز میرا موٹر سائیکل بائیک نمبر BVN-991 چیسز نمبر EC135455 انجن نمبر T453250 ماڈل 2022 ہنڈا 125 چوری ہو گیا ہے سنٹورس کی بیک سائیڈ ناظم الدین روڈ پر کھڑا کیا تھا جو کہ 14.03.2024 ٹائم 10:56 منٹ پر کھڑا کیا تھا سنٹورس کے اندر گیا تھا بینک کا چیک لینا تھا واپس 12:08 پر باہر آیا تو دیکھا موٹر سائیکل نہیں تھا میں نے پھر تھانہ مارگلہ میں جاکر رپورٹ کی اور 15 پر کال بھی کی ہے مہربانی فرماکر FIR کاٹی جائے | SI MUHAMMAD BINYAMIN GOHAR |
| 5 | شالیمار | 296 | 457/380 | - | 30-03-2024 09:30 PM | سیکٹر F.11 مرکز | محمد فرخ بشیر پتہ: ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لیگل ایڈوائزر اسمارٹ گروپ آف انڈسٹریز، شناختی کارڈ نمبر: 32102-0939010-7 فون نمبر: 03235555087 | SHL-3/31/2024-885 | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | آفس فرنیچر و دیگر سامان - تعداد (3 مزدے) - قیمت - 12500000 | 1 | بخدمت جناب SHO صاحب تھانہ شالیمار اسلام آباد گزارش ہے کہ میں اسمارٹ گروپ آف انڈسٹریز کا وکیل ہوں مجھے آج مورخہ 30.3.24 کو رات تقریباً 9:30 بجے اطلاع ملی کہ کمپنی کے ہیڈ آفس واقع F-11 مرکز میں PDA کے افراد نے آکر سامان اپنی گاڑیوں میں لوڈ کرنا شروع کر دیا ہے اور کافی سامان جس میں آفس کا فرنیچر و دیگر سامان گاڑیوں میں بھر کر روانہ کر دیا ہے آپ سے گزارش ہے کہ اس وقوعہ کی رپورٹ درج کرتے ہوئے ہماری کمپنی کا سامان برآمد کرایا جائے اور قانون کے مطابق کاروائی کی جائے عین نوازش ہو گی العارض محمد فرخ بشیر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لیگل ایڈوائزر اسمارٹ گروپ 3210209390107 فون نمبر 03235555087 مورخہ 31.3.24 دستخط بحروف انگریزی کاروائی پولیس امشب اطلاع پاکر F11 مرکز معہ ہمرائیاں محمد سعید 3588HC محمد اعجاز 5746HC گشت آفیسر F-10 موقع پر پہنچا ہوں جہاں پر مذکورہ بالا درخواست دہندہ ملاقی ہوا جس نے تحریری درخواست پیش کی موقع پر ہر سہہ کس 1-واصف افضل ولد افضل 2-بلال مجید ولد عبدالحمید 3- طاہر صدیق ولد محمد صدیق ملاقی ہوئے جنہوں نے سرسری دریافت پر بتلایا کہ ISMART آفس سے سامان کے 3 مزدے بھر کر اپنے ویئر ہاوس میں شفٹ کر دیئے ہیں تحریر مضمون درخواست وحالات واقعات سے سر دست صورت جرم 457/380ت پ پائی جاکر اصل درخواست بشکل استغاثہ بغرض اندراج مقدمہ بدست محمد سعید 3588HC ارسال تھانہ ہے بعد اندراج مقدمہ نمبر مقدمہ سے آگاہی بخشی جاوے میں ہمراہی موقعہ پر موجود ہوں از موقعہ F11 مرکز اسلام آباد بوقت 1:20بجیرات دستخط بحروف انگریزی شاہ نواز ASI تھانہ شالیمار اسلام آباد | احمد حسین ASI |
| 6 | سنبل | 201 | 392 | | 14.03.2024 | یکٹر G-14/4 مکان نمبر 1309 گلی نمبر 21 اسلام آباد | محمد ابراہیم ولد محمد صغیر، پتہ: سکنہ مکان نمبر 1309 گلی نمبر 21 سیکٹر جی 14/4 اسلام آباد، شناختی کارڈ نمبر: 61101-8639241-7 فون نمبر: 03348529305 | SMB-3/31/2024-282 | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | موبائل اور 600 روپے | نامعلوم 2 | بخدمت جناب ایس ایچ او صاحب تھانہ سنبل جی 13 اسلام آباد جناب عالیٰ میں مسمی محمد ابراہیم ولد محمد صغیر سکنہ مکان نمبر 1309 گلی نمبر 21 سیکٹر جی 14/4 اسلام آباد کا رہائشی ہوں مورخہ 14.03.24 کو بوقت 9:45 سے 9:55 رات تراویح کے بعد براستہ گلی نمبر 16 سے گھر جا رہا تھا عقب سے دو سکوٹر سوار آئے جو 125 پر سوار تھے اور اسلحہ سے لیس تھے گلی کے شروع میں جمپ کراس کرتے ہی میرے ساتھ موٹر سائیکل کھڑی کی اور پچھلا سوار اتر کر آیا اور میرے پیٹ پر اسلحہ کی نوک رکھ کر جو کچھ پاس ہے حوالہ کرنے کو کہا جو کہ میں نے بغیر مزاحمت جیب سے نکال دیا اس میں ایک موبائل اور 600 روپے شامل تھے پیسے اور موبائل لیتے ہی یوٹرن لیکر گلی نمبر 9 سے فرار ہو گئے وقوعہ کی رپورٹ صبح مورخہ 15.03.24 کو صبح 5:15 منٹ پر موبائل کو دی اور 7:37 منٹ پر 15 پر اطلاع کی تفصیل درج ذیل ہے موبائل Redmi 10 Sea Blue سم نمبر 03313523102 موبائل Imei.1.866534050997304۔Imei.2.866534050997312 استدعا ہے کہ رپورٹ درج کر کے سامان برآمد کرایا جائے العارض دستخط بحروف انگریزی محمد ابراہیم ولد محمد صغیر سکنہ مکان نمبر 1309 گلی نمبر 21 سیکٹر جی 14/4 اسلام آباد شناختی کارڈ نمبر 6110186392417 فون نمبر 03348529305 کاروائی پولیس سائل بالا نے تحریری درخواست بحاضری تھانہ پیش کی جو حرف بحرف درج بالا ہوئی تحریر مضمون درخواست وحالات واقعات سے سر دست صورت جرم 392ت پ پائی جاکر رپورٹ ابتدائی اطلاعی بجرم مزکور مرتب ہوئی جناب SHO صاحب علاقہ تھانہ میں ہیں جنکو اطلاع بابت اندراج مقدمہ ہذا دی جا رہی ہے محرر بعد تکمیل ریکارڈ نقول FIR جابجا افسران مجاز ارسال کرے میں مصروف تفتیش ہوں | ثناءاللہ ASI |

| | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 32 | ہمک | 199 | 279 | | 31.03.24 | روات | انسپکٹر عشرت موٹر سوے پولیس | HMK-3/31/2024-505 | 31.03.24 | - | - | - | - | | اسد اللہ | استغاثہ زیر دفعہ 279ت پ جناب SHOصاحب تھانہ ہمک ضلع اسلام آباد بکار سرکار تحریر ہے کہ من راجہ عشرت مختار SPO/Iہمراہ راجہ عامر سلیم SPO/Iبذریعہ سرکاری گاڑی نمبری IDP/4117بسلسلہ پٹرولنگ لوکیشن N/15بمقام روات سٹی/Nپر بوقت 12:40بجیدن موجود تھا کہ ایک شاہ زور ڈالا نمبری LES.4823برنگ سفید انتہائی خطرناک انداز میں مسلسل سیکنڈ لین میں زگ زیگ گاڑی کو چلاتا آیا جسے بذریعہ SLOW سٹاپ سائن روکا گیا جسکا بعد از دریافت نام اسد اللہ ولد صورت خان سکنہ جبیر پور چکوال شناختی کارڈ نمبر افغانی معلوم ہوا دریافت پر مذکورہ ڈرائیور گاڑی کے کاغذات اور اپنا ڈرائیونگ لائسنس پیش نہ کر سکا مذکورہ ڈرائیور انتہائی غفلت ولاپرواہی اور خطرناک انداز میں مسلسل سیکنڈ لین میں گاڑی چلا کر نہ صرف خود بلکہ دوسرے روڈیوزرز کے لئے باعث خطرہ بنا ہے گاڑی نمبری LES.4823معہ ملزم کو متذکرہ بالا برائے قانونی کاروائی استغاثہ بغرض قائمی مقدمہ بدست راجہ عامر سلیم SPO/Iارسال تھانہ ہمک ہے مقدمہ درج رجسٹر کر کے نمبر مقدمہ سے مطلع فرمائیں سردست صورت جرم 279ت پ پائی گئی ہے | یوسف ایس آئی |
| 33 | لوہی بھیر | 197 | 489F | | 28.12.23 | بحریہ ٹاون | شفقت نعیم جنجوعہ 03362777888 | LBH-3/31/2024-640 | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | | اسلم بھٹی، نورین | درخواست بمراد اندراج مقدمہ برخلاف محمد اسلم بھٹی و نورین اشرف خان جناب جناب عالی! مودبانہ گزارش ہے کہ سائل اوور سیز پاکستانی ہے اور گذشتہ 28سال سے لندن میں مقیم ہے مسمی اسلم بھٹی اور نورین اشرف سائل کے گھر واقع ڈیفنس فیز Iمیں کرایہ دار تھے جبکہ مسمیان کا اپنا گھر بحریہ فیز VIIIمیں زیر تعمیر تھا انہوں نے سائل کو وہ گھر خریدنے کی پیش کش کی کیونکہ بقول اسلم بھٹی کے، ان کے پاس پیسے ختم ہو چکے تھے لہذا مسمیاں تھوڑی قیمت پر بھی گھر فروخت کرنے کو تیار تھے سائل نے مشورہ دیا کہ آپ پہلے گھر کو مکمل کریں پھر فروخت کریں تا کہ آپ کو گھر کی مناسب قیمت مل سکے اور سائل نے گھر کو مکمل کرنے کے لیے انویسٹمنٹ کی پیش کش کی اور کہا کہ گھر مکمل ہو کر فروخت ہونے پر انویسٹمنٹ اور منافع کی رقم سائل کو ادا کر دیں چنانچہ ڈیل طے پا گئی اور انویسٹمنٹ کی نسبت سے 9اپریل 2019 کو معائدہ میں یہ بھی طے پایا کہ گھر کی تکمیل پر آنے والا خرچہ سائل برداشت کرے گا اور تخمینے کے مطابق تقریباً ساٹھ لاکھ خرچہ آنا تھا مسمیان مذکورہ نے سائل کو ساٹھ لاکھ کا چیک نمبری 57024922حبیب بینک کا دے دیا اور ساتھ ہی ذمہ لیا کہ مسمی اسلم بھٹی تمام کام کو اپنی نگرانی میں مکمل کروائے گا لیکن مسمی اسلم بھٹی کام مکمل کروانے کی بجائے بیماری کا بہانہ کر کے غائب ہو گیا چنانچہ سائل نے ایک اور شخص کو بطور سپروائزر بھرتی کیا تا کہ کام کو مکمل کیا جا سکے اسی دوران سائل کو علم ہوا کہ اسلم بھٹی نے الیکٹریشن، پلمبر اور سٹیل ورکس والوں کو پیسے دینے ہیں اور وہ آ کر پیسوں کا تقاضہ کر رہے ہیں جو مجبوراً سائل کو ادا کرنے پڑے مسمیان مذکورہ نے بعد ازاں کہا کہ ہمیں گھر کی تزئن و آرائش پر کچھ مزید خرچہ کر لینا چاہیے تو ایک اور معاہدہ 18دسمبر 2019ء کو طے پایا جس کے مطابق سائل مزید رقم سائل کو مسمیان مذکورہ نے مزید 03چیک نمبری 57024925مبلغ دس لاکھ چیک نمبر 57024924مبلغ گیارہ لاکھ روپے اور چیک نمبری 57024923مبلغ سات لاکھ پندرہ ہزار حبیب بینک کے دیئے گھر کی تکمیل کے بعد گھر کو فروخت کر کے سائل کو معاہدے کے مطابق طے شدہ رقم دینے کی بجائے مسمیان خود گھر میں منتقل ہو گئے اور سائل کے ساتھ دھوکہ دہی کی جب سائل نے قانونی کاروائی کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تو مسمیان نے سائل کو گھر کی 30فیصد حصہ داری آفر کر دی اور کہا کہ گھر فروخت ہونے پر گھر کی قیمت کا 30فیصد سائل رکھ لے گا اور گھر کرایہ پر دینے کی صورت میں بھی اسی شرح سے کرائے کا حصہ سائل کو ملتا رہے گا اور اسی نسبت سے مورخہ 15نومبر 2022کو معاہدہ بھی طے پا گیا اور مذکورہ بالا گھر کے تمام اصل کاغذات سائل کے پاس بطور سکیورٹی رکھوا دیئے سائل نے مسمیان پر یقین کر لیا اور واپس لندن چلا گیا سائل کو 09ستمبر 2023کو باوثوق ذرائع سے علم ہوا کہ مسماۃ نورین اشرف نے بحریہ کے ہیڈ آفس کاغذات کے ڈوپلیکیٹ کے لیے درخواست دی ہے کیونکہ بقول نورین کے تمام کاغذات چوری ہو گئے ہیں مسماۃ نورین اور مسمی اسلم بھٹی کے دیئے گئے چیک ڈس آنر ہونا معاہدے سے بار بار بھاگنا اور پھر گھر کے کاغذات سائل کو بطور سکیورٹی دینے کے بعد ڈوپلیکیٹ کاغذات کے لیے درخواست دینا بدنیتی ظاہر کرتا ہے ملزمان مذکورہ بار بار سائل کے ساتھ دھوکہ بازی کر رہے ہیں اور اب سائل کی ساری انویسٹمنٹ ہتھیانے کے درپے ہیں لہذا گزارش ہے کہ مسمی اسلم | عبدالستارSI |
| 34 | لوہی بھیر | 198 | 3/4حد امتناع منشیات | | 31.03.24 | بحریہ ٹاون | ناصر محمود ASIتھانہ لوہی بھیر | LBH-3/31/2024-642 | 31.03.24 | - | - | - | - | شراب | احتشام | امشب من ASIمعہ ہمرائیاں تنویر اقبال LHC/5343, عثمان LHC/7245، شاہد شاہین C/4049بسلسلہ گشت و پڑتال بدرویہ گان و منشیات فروشاں حسب الحکم جناب افسران بالا و حسب ہدایت جناب SHOصاحب بوقت 8/55بجے رات ناکہ ٹانگہ چوک پر ناکہ زن تھے کہ اسی دوران ایک ٹیکسی گاڑی برنگ پیلی بحریہ ٹاون فیز 3کی جانب سے آئی جس میں سے ایک شخص ناکہ کی مخالف سائیڈ پر اترا جس کے دائیں ہاتھ میں گیلن برنگ سفید تھی جس کو مشکوک جان کر روک کر چیک کیا جس نے بعد دریافت اپنا نام و پتہ احتشام مظفر ولد مظفر اقبال سکنہ منڈل پیہ ڈاکخانہ خاص ضلع ہٹیاں بالا آزاد کشمیر حال مانجو ریسٹورنٹ سوک سنٹر بحریہ ٹاون اسلام آباد بتلایا مذکورہ کے ہاتھ میں پکڑی ہوئی گیلن کو کھول کر چیک کرنے پر اندر سے شراب از قسم دیسی برآمد ہوئی برآمدہ شراب کو بذریعہ پیمانہ ماپنے پر کل 20لیٹر شراب برآمد ہوئی جسکی بابت دریافت پر مذکورہ کوئی پرمٹ لائسنس وغیرہ پیش نہ کر سکا برآمدہ شراب کے گیلن میں سے 6اونس شراب بغرض نمونہ تجزیہ کیمیائی الگ کر کے نمونہ وبقیہ شراب کے 2عدد پارسل تیار کر کے 1/1عدد سربمہر اسمی ARثبت کر کے پارسل ہائے بروئے فرد بطور وجہ ثبوت قبضہ پولیس میں لے کر تکمیل فرد کی گئی مذکورہ بالا نے 20لیٹر شراب پینے و فروخت کرنے کی غرض سے اپنے قبضہ میں رکھ کر ارتکاب جرم 4/3حد امتناع منشیات کا کیا جسکے خلاف مقدمہ درج رجسٹر ہوا | عبدالرشیدASI |
| 35 | بھارہ کہو | 200 | 457/380 | | بوقت 30.03.2024 نامعلوم | نین سکھ | راجہ لیاقت علی 03215183925 | BHK-3/31/2024-938 | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | | نامعلوم | بخدمت جناب ایس ایچ او صاحب تھانہ بھارہ کہو اسلام آباد جناب عالی! گزارش ہیکہ سائل راجہ لیاقت علی ولد راجہ گل انداز خان محلہ نین سکھ خاص بھارہ کہو کا رہائشی ہوں۔ سائل بمعہ فیملی کل مورخہ 29مارچ 2024بروز جمعہ افطاری کرنے G-4/7اسلام آباد گئے ہیں۔ جب واپس گھر پہنچے تو دیکھا کہ گیٹ اور کمرے کے دونوں تالے موجود نہ ہیں۔ اور گھر کا سارا سامان بکھرا پڑا تھا۔ جب چیک کیا گیا تو مندرجہ ذیل سامان چوری ہوا ہے۔ 1۔ زیور سونا 8-2/1تولے چوڑیاں 6عدد، لاکٹ سیٹ 1عدد، انگوٹھیاں 8عدد 2۔ پرائز بونڈ مالیت 20ہزار روپے 3۔ نقدی رقم 5لاکھ روپے 4۔ الیکٹرک میکروڈاویلنس کمپنی 5۔ جوتے مردانہ نیو 3جوڑے 6۔ کلائی گھڑی 3عدد نیو + 2عدد 7۔ کمبل ایرانی سرخ کلر 1عدد + کپڑے مردانہ 4جوڑے + وائس کوٹ 2+ جیکٹ 1، 8۔ بچوں کے کپڑے، کوٹ + لیڈی کپڑے جب محلے سے پڑتال کی گئی تو دو آدمی نے بتایا کہ تقریباً 5آدمی سامنے چھوٹی گلی میں دیکھے گئے۔ اُس کے بعد فوراً تھانہ بھارہ کہو میں جا کر رپورٹ درج کروائی ہے۔ اور ڈیوٹی افیسر صاحب ہمراہ ملازمین نے موقع پر آ کر معائنہ کیا گیا اور ساتھ ہی سامنے والی گلی میں CCTVکیمرہ میں تصویریں بھی چیک کرائی گئی جو کہ واضع طور پر نظر آ ہی ہیں۔ ملزمان سامان اٹھائے ہوئے تیزی سے جا رہے ہیں۔ اور ہاتھ میں پسٹل بھی لہرا رہے ہیں۔ جناب سے بذریعہ درخواست التماس ہیکہ کیمرہ کی مدد سے ملزمان کو تلاش کیا جائے اور چور شدہ سامان واپس دلایا جائے۔ جناب کی نوازش ہو گی۔ ایف آئی آر درج کی جائے۔ | اظہر حسینSI |
| 36 | بھارہ کہو | 201 | 279 | | 31-03-2024 03:30 | یوٹرن مین مری CID روڈ | احمد خان SI 03155668592 | BHK-3/31/2024-939 | 31.03.24 | - | - | - | - | | محمد زبیر | استغاثہ زیر دفعہ 279ت پ امروز من SIمعہ حماد علی C/2814بوقت قریب 3:30بجیدن CIDیوٹرن میں بغرض ٹریفک وائیلیشن کنٹرول کرنے کیلئے حسب الحکم افسران بالا موجود تھا کہ اس دوران ایک گاڑی نمبری LXR8564کار برنگ سفید کیانی روڈ سے ون وے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اور رش ڈرائیونگ کرتے ہوئے CIDیوٹرن کی طرف آئی جسکو باامداد ہمرائی روکا گیا تو دریافت پر ڈرائیور نے اپنا اسم مسکن محمد زبیر ولد محمد فرید ساکن چھتر علاقہ تھانہ بھارہ کہو اسلام آباد بتایا۔ مذکورہ نے ون وے کی خلاف ورزی اور رش ڈرائیونگ کر کے بجرم 279ت پ کا ارتکاب کیا مذکورہ کے خلاف استغاثہ بجرم مذکور مرتب کر کے بدست کنسٹیبل حماد علی C/2814ارسال تھانہ ہے۔ استدعا ہیکہ مذکورہ کے خلاف بعد از قائمی مقدمہ نمبر مقدمہ سے آگاہی بخشی جاوے اور کسی دیگر افیسر کو بغرض تفتیش مامور کیا جائے۔ | مختیار حسین جعفری ASI |
| 37 | نیلورر | 78 | 381A | | 21-03-2024 06:30 PM | ارسالان ٹاون | حسن اختر ستی ولد قربان علی موبائل نمبر 0318.4314246 | NLR-3/31/2024-255 | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | | نامعلوم | ہ سائل حسن اختر ستی ولد قربان علی قوم ستی ساکن ارسلان ٹاؤن گلی نمبر 1اسلام آباد کا رہائشی ہوں اور پاکستان آرمی سے بطور نائب صوبیدار ریٹائر ہوں کل مورخہ 21.03.2024کو شام قریب 6بجے میرے بیٹے نے موٹر سائیکل نمبر AJM-9261انجن نمبر T-286789چیسز نمبر EB-968894ہنڈا CG-125کھڑا کیا اور اس کے بعد روزہ افطار کیا افطاری کے بعد تقریباً 6:30بجے شام کو میں باہر آیا مکان کے سامنے موٹر سائیکل نہ پایا نامعلوم چور میرا موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے ہیں میں جسکی اطلاع میں نے 15پر بھی دی ہے میرا موٹر سائیکل برآمد کروا کر مجھے دلوایا جائے عین نوازش ہو گی | ظفر اقبالsi |
| 38 | شہزاد ٹاون | 374 | 392 | 30.03.24 | مورخہ 30.03.2024بوقت 10:15بجیرات | پارک انکلیو روڈ | محمد ابراہیم | 0 | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | موٹر سائیکل | نامعلوم | بخدمت جناب SHOصاحب تھانہ شہزاد ٹاون اسلام آباد جناب عالی مودبانہ گزارش ہیکہ محمد ابراہیم ولد بابر حسین زاہد قوم ڈوگر ساکن چکنمبر 57/4Rتحصیل و ضلع ساہیوال کا رہائشی ہوں اور بوجہ مزدوری چھٹہ بختاور روڈ نمبر 2نزد مسجد انوار مدینہ مکان نمبر 38میں اپنے بھائی کے پاس رہتا ہوں آج مورخہ 30.03.2024بوقت 10:15بجیرات میں راول ڈیم چوک سے آ رہا تھا جہاں سے ایک کسی نامعلوم شخص میرے ساتھ بیٹھا اور اس نے کہا کہ مجھے پارک انکلیو سوسائٹی جانا ہے پارک انکلیو سوسائٹی سے پہلے کری روڈ والی سائیڈ پر اس نے مجھ پر پسٹل تان لیا اور مجھے اندھیرے میں لے جا کر مجھ سے ایک عدد موبائل VIVO Y335بمعہ سم 0302.4307271اور ایک عدد موٹر سائیکل نمبر SLK-11-6780انجن نمبر CRLE531319چیسز نمبر CRLF274304مجھ سے چھین لی اور مجھ پر فائر بھی کیا جو مجھے لگنے سے بچ گیا برائے مہربانی مجھے میری موٹر سائیکل اور موبائل ڈھونڈ کر دیا جائے آپکی عین نوازش ہو گی اور نامعلوم ملزم کے خلاف کاروائی کی جائے | رفاقت حسینASI |
| 39 | شہزاد ٹاون | 375 | 381A | 23.03.24 | مورخہ 23.03.24بوقت 11بجیدن تا 04بجیدن کے درمیان | علی پور فراش | توقیر عباس | ST-3/31/2024-1063 | 31.03.24 | ہاں | ہاں | ہاں | ہاں | موٹر سائیکل | نامعلوم | بخدمت جناب SHOصاحب تھانہ شہزاد ٹاون اسلام آباد جناب عالی گزارش ہیکہ میں مسمی توقیر عباس ولد حاجی محمد وزیر ساکن علی پور فراش ٹاون نئی آبادی کا رہائشی ہوں آج مورخہ 23.03.24دن 11بجے کو میں نے بائیک اپنے مکان پر کھڑا کیا اور راولپنڈی سامان لینے چلا گیا دن تقریباً 4بجے واپس آیا تو مکان پر موٹر سائیکل نہیں تھا کوئی نامعلوم چور موٹر سائیکل چوری کر کے لے گیا موٹر سائیکل نمبری RIV-18-6397انجن نمبر E1166728چیسز نمبر US7D1408737برنگ سرخ یونائیٹیڈ کمپنی ہے 15پر کال کی ہے براہ مہربانی میرا بائیک ڈھونڈنے میں میری مدد کی جائے العارض دستخط بحروف انگریزی توقیر عباس ولد محمد وزیر ساکن نئی آبادی علی پور اسلام آباد شناختی کارڈ نمبر 3840168853509فون نمبر 0341483791-03135003820کاروائی پولیس سائل بالانے بحاضری تھانہ تحریری درخواست پیش کی جو حرف بحرف درج بالا ہوئی مضمون درخواست سے سردست صورت جرم 381Aت پ پائی جا کر رپورٹ ابتدائی اطلاعی بجرم مذکور مرتب ہوئی جناب SHOصاحب علاقہ تھانہ میں ہیں جنکو اطلاع بابت اندراج مقدمہ ہذا دی جا رہی ہے محرر کو ہدایت ہوئی کہ بعد از تکمیل ریکارڈ نقول FIRمجاز افسران کو ارسال کرے میں مصروف تفتیش ہوں | ظہیر احمدASI |